Vaccinate WA
CovidVaccineWA.org

کووڈ-19 ویکسین کا تحفظ: اہم معلومات

ویکسینز محفوظ ہیں

ریاست ہائے متحدہ میں ہمارے پاس موجود کووڈ-19 ویکسینز کو یو ایس کی تاریخ[1] میں سخت ترین حفاظتی نگرانی سے گزارا گیا ہے۔ تمام ویکسینز U.S. Food and Drug Administration (یو ایس انتظامیہ برائے خوراک و منشیات، FDA) کی جانب سے مکمل طور پر منظور کردہ یا ہنگامی استعمال کے لئے اجازت یافتہ ہیں— یعنی FDA کو کوئی حفاظتی خدشات نہیں ملے۔

عوام کی جانب سے ویکسینز کے استعمال کے دوران تحفظ اور اثر کے لئے ویکسینز کی نگرانی جاری ہے۔ ریاست ہائے متحدہ میں کئی ایسے نظام موجود ہیں جو حفاظتی مسائل پر نظر رکھتے ہیں اور واقع ہونے پر انہیں فوراً پکڑ لیتے ہیں۔

ویکسینز کارآمد ہیں

ممکن ہے کہ آپ نے ایسی معلومات دیکھی ہوں جن سے ظاہر ہو کہ کچھ ویکسینز دیگر کی نسبت بہتر ہیں۔ کلینکل ٹرائلز سے ظاہر ہوا کہ تمام دستیاب ویکسینز کووڈ-19 کے انسداد میں انتہائی مؤثر ہیں۔ ویکسینز کے درمیان بالکل درست فرق کا موازنہ کرنا آسان نہیں، کیوں کہ ویکسینز کو مختلف اوقات اور مقامات پر ٹیسٹ کیا گیا تھا۔ کچھ کو کووڈ-19 کی مختلف اشکال کے خلاف بھی ٹیسٹ کیا گیا۔

مکمل ویکسین لگوانے کے بعد بھی کووڈ-19 لگنا ممکن ہے مگر اس بات کا امکان نہیں کہ آپ شدید بیمار ہو جائیں یا ہسپتال جانے کی ضرورت پیش آئے۔ تحقیقات سے ظاہر ہوا کہ ہر ویکسین **شدید** کووڈ-19 مرض کی روک تھام میں کم از کم 85 فیصد افادیت کی حامل ہے۔ ویکسینز نے کئی افراد میں کووڈ-19 کی **کوئی بھی** علامت ظاہر نہ ہونے دی:

- Johnson & Johnson (Janssen)، 74 فیصد
- Pfizer-BioNTech، 95 فیصد
- Moderna، 94 فیصد

ضمنی اثرات عام ہیں

آپ کو ویکسین سے کووڈ-19 نہیں لگ سکتا۔ لیکن دیگر ویکسینز کی طرح آپ کو ضمنی اثرات محسوس ہو سکتے ہیں۔ یہ ویکسین کے کارآمد ہونے کی علامات ہیں۔ دو خوراکوں والی ویکسینز میں دوسرے ٹیکے کے بعد ضمنی اثرات بدتر ہو سکتے ہیں۔ اگر ممکن ہو تو ٹیکہ لگوانے کے بعد ایک یا دو دن تک خود کو آرام اور بہتری کا وقت دیں۔ دو خوراکوں والی کووڈ-19 ویکسینز کے لئے اپنی دوسری خوراک لینا یقینی بنائیں۔ دوسری خوراک کے دو ہفتے بعد تک آپ مکمل طور پر محفوظ نہیں ہوں گے۔

بازو پر جس جگہ آپ ٹیکہ لگوائیں گے:

- درد
- سرخی
- سوجن

جسم بھر میں:

- تھکاوٹ
- سر درد
- پٹھوں میں درد
- جاڑا
- بخار
- متلی



[1] Centers for Disease Control and Prevention، "Safety of COVID-19 Vaccines" (کووڈ-19 ویکسینز کا تحفظ)۔ 25 مارچ، 2021، https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/vaccines/safety/safety-of-vaccines.html پر آن لائن دستیاب ہے۔

الرجک ردعمل کی علامات

ویکسینز کے الرجک ردعمل انتہائی نایاب ہیں مگر یہ واقع ہو سکتے ہیں۔ ویکسین لگوانے کے بعد تقریباً 15 منٹ تک کلینک آپ پر نظر رکھے گا کہ مبادا آپ کا الرجک ردعمل آ جائے۔ انہیں ردعمل دینے کی تربیت دی جاتی ہے اور انہیں معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی مدد کیسے کرنی ہے۔

اگر کلینک سے آنے کے بعد آپ کا الرجک ردعمل آئے تو 911 کو کال کریں۔ الرجک ردعمل کی علامات میں شامل ہیں: سانس لینے میں دشواری، چہرے اور گردن میں سوجن، تیز دھڑکن، پورے جسم پر شدید خراش اور کمزوری۔

ہمیں حفاظتی خدشات پر نظر رکھنے میں مدد دیں

ضمنی اثرات کی اطلاع دینے کے لئے V-safe پر سائن اپ کریں: vsafe.cdc.gov۔ آپ کی شرکت سے ہمیں سب کے لئے ویکسینز محفوظ رکھنے میں مدد ملتی ہے۔

آپ یا آپ کے ویکسین فراہم کنندہ the Vaccine Adverse Event Reporting System (VAERS) (ویکسین کے خراب واقعے کی اطلاع کا نظام) پر سنگین ضمنی اثرات کی اطلاع دے سکتے ہیں۔ FDA، Centers for Disease Control and Prevention (CDC) (مراکز برائے امراض کی روک تھام اور انسداد) اور Washington State Department of Health (DOH) (ریاست واشنگٹن محکمۂ صحت) رجحانات یا ممکنہ مسائل پر نظر رکھنے کے لئے VAERS استعمال کرتے ہیں۔

آپ vaers.hhs.gov پر اطلاع دے سکتے ہیں۔

کئی نسلوں اور قومیتوں کے افراد نے ٹرائلز میں شرکت کی

سائنس دانوں نے ہر ویکسین ہزاروں افراد پر ٹیسٹ کی۔





[2] Food and Drug Administration. "FDA Briefing Document: Pfizer-BioNTech COVID-19 Vaccine"، Vaccines and Related Biological Products Advisory Committee (مشاورتی کمیٹی برائے ویکسینز اور متعلقہ حیاتیاتی مصنوعات) کی میٹنگ۔ 10 دسمبر، 2020، https://www.fda.gov/media/144245/download پر آن لائن دستیاب ہے۔

[3] Food and Drug Administration. "FDA Briefing Document: Janssen Ad26.COV2.S Vaccine for the Prevention of COVID-19"، Vaccines and Related Biological Products Advisory Committee کی میٹنگ۔ 26 فروری، 2021 https://www.fda.gov/media/146217/download پر آن لائن دستیاب ہے۔

[4] Food and Drug Administration. "FDA Briefing Document: Moderna COVID-19 Vaccine"، Vaccines and Related Biological Products Advisory Committee کی میٹنگ۔ 17 دسمبر، 2020، https://www.fda.gov/media/144434/download پر آن لائن دستیاب ہے۔

ویکسین بچوں، حاملہ خواتین اور دائمی کیفیات میں مبتلا افراد کے لئے محفوظ و مؤثر ہے۔ مزید افراد کے ویکسین لگوانے سے ہمیں تحفظ اور ضمنی اثرات کے متعلق مزید ڈیٹا حاصل ہوتا رہے گا۔ ڈیٹا سے ظاہر ہوتا ہے کہ کووڈ-19 ویکسینز محفوظ ہیں اور سنگین ضمنی اثرات نایاب ہیں۔

اگر آپ کو ویکسین لگوانے کے متعلق خدشات ہیں تو کسی طبی معالج یا کلینک کے ملازم سے بات کریں

الرجیاں

- Centers for Disease Control and Prevention (CDC، مراکز برائے امراض پر قابو اور انسداد) نے ہر اس شخص کے لئے ویکسین کی تجویز دی ہے جسے ویکسین کے کسی جز سے الرجی نہ ہو۔
- اکثر سمجھا جاتا ہے کہ کووڈ-19 ویکسینز سے ہونے والے الرجک رد عمل کی وجہ ویکسین میں موجود فیٹس ہیں، جنہیں پولی ایتھائلین گلائکول (PEG) اور پولی سوربیٹ کہا جاتا ہے۔
- ویکسینز میں ایسے عام الرجنز موجود نہیں جو خوراک میں پائے جاتے ہیں، اس لئے کووڈ-19 ویکسین لگواتے ہوئے کئی دیگر الرجیز مسئلے کا باعث نہیں ہونی چاہئیں۔ مثال کے طور پر ویکسینز انڈے، لیٹکس اور خوراک محفوظ کرنے والے کیمیکلز سے پاک ہیں۔

اخلاقیات

کووڈ-19 ویکسین کے اجزاء محفوظ ہیں اور ویکسینز کے کام کرنے کے لئے ضروری ہیں۔ Johnson & Johnson ویکسین کا ایک ٹکڑا 35 سال سے زائد عرصہ قبل اپنی مرضی سے کیے گئے ابارشنز سے حاصل ہونے والے سیلز کی لیب میں تیار کردہ نقول پر مشتمل ہے۔ کئی دیگر ویکسینز، بشمول خسرہ، روبیلا اور ہیپاٹائٹس اے کی ویکسینز بھی ایسے ہی بنائی گئی ہیں۔ کسی بھی ویکسین میں انسانی سیلز (بشمول جنین کے سیلز)، کووڈ-19 وائرس، لیٹکس، خوراک محفوظ کرنے کے مادے، یا دیگر جانوروں سے حاصل ہونے والی ذیلی مصنوعات، بشمول سؤر کی مصنوعات یا جیلاٹن شامل نہیں۔ ویکسینز کو انڈوں میں نہیں بنایا جاتا اور ان میں انڈوں کی کوئی مصنوعات شامل نہیں۔

طبی کیفیات

- تحقیقات سے ظاہر ہوا کہ طبی کیفیات کے حامل افراد کے لئے کووڈ-19 ویکسینز اتنی ہی محفوظ اور مؤثر ہیں۔ ہر ویکسین کے ٹرائلز میں بیس سے 45 فیصد افراد موٹاپے، ذیابیطس، دل کے مرض، جگر کے مرض اور HIV جیسی کیفیات میں مبتلا تھے۔
- کمزور مدافعتی نظام یا مدافعتی نظام پر حملہ کرنے والی کیفیات میں مبتلا افراد میں ویکسین کے استعمال کے متعلق ہمارے پاس محدود حفاظتی ڈیٹا موجود ہے۔ پھر بھی CDC کی تجویز ہے کہ ان گروہوں کو ویکسین دی جائے کیوں کہ کووڈ-19 لگنے کی صورت میں انہیں شدید بیماری کا خطرہ لاحق ہے۔
- حمل اور زچگی کے طبی ماہرین نے حاملہ، دودھ پلانے والی یا حاملہ ہونے کا ارادہ رکھنے والی خواتین کے لئے کووڈ-19 ویکسین کی تجویز دی ہے۔ ڈیٹا سے ظاہر ہوتا ہے کہ حمل کے دوران کووڈ-19 ویکسینز محفوظ ہیں۔ درحقیقت کچھ تحقیقات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ویکسین یافتہ ماں حمل اور دودھ پلانے کے ذریعے اپنے بچے میں کووڈ-19 کے خلاف اینٹی باڈیز منتقل کر سکتی ہے۔ حاملہ خواتین کو کووڈ-19 سے شدید بیماری، بشمول موت کا خطرہ لاحق ہوتا ہے۔ ویکسینز بہترین تحفظ ہیں۔

DOH 348-799 September 2021 Urdu

کسی اور شکل میں اس دستاویز کی درخواست کرنے کے لئے 1-800-525-0127 پر کال کریں۔ سماعت سے محروم یا اونچا سننے والے صارفین، براہِ کرم 711 (Washington Relay) پر کال کریں یا civil.rights@doh.wa.gov پر ای میل کریں۔

Washington State Department of Health